ثریٰ تک اپنی مخلوق پر انعام کرنے والا ہے

بسم اللہ کما افتتح اللہ سبحانہ و تعالیٰ کتابہ العزیز۔ بحوالہ آیت وَ اَسْبَغَ عَلَیْکُمْ نِعَمَہٗ ظَاهِرَةً وَّ بَاطِنَةً (اور اس نے تم پر ظاہری باطنی سب نعمتیں پوری کر دیں) گیارھویں معنی یہ ہیں کہ اللہ سبحانہٗ عرش سے ثریٰ تک اپنی مخلوق پہ فضل و احسان کرنے والا ہے۔ یہ بیان اس آیت میں ہے اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ (بے شک اللہ لوگوں پر ہر طرح سے احسان کرنے والا ہے) بارھویں معنی یہ ہیں کہ اللہ سبحانہٗ عرش سے ثریٰ تک اپنی مخلوق کو شکلیں عطا فرمانے والا ہے یہ بیان اس آیت میں ہے اَلْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ (اللہ تعالیٰ پیدا کرنے والا ہے بنانے اور صورت دینے والا ہے) اور اہلِ حقیقت نے بیان کیا ہے کہ مُراد و معنیٰ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے یہ ہیں کہ لوگوں کو اس بات کی ترغیب دی جائے کہ وہ برکت کے لیے اپنے اقوال و افعال کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع کریں جیسا کہ خود اللہ تعالیٰ نے اپنی معزز کتاب یعنی قرآنِ کریم کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع کیا ہے۔

اعلموا ان الناس اختلفوا	جان لو کہ مختلف لوگوں کے نزدیک
فی ھذا الاسم فقال خلیل	اس اسم کے معنی مختلف ہیں۔ خلیل بن
بن احمد وجماعته	احمد اور اہلِ عرب کی ایک جماعت کا
من اھل العربیة انه	کہنا ہے کہ یہ اللہ سبحانہٗ کا ایسا نام
اسم موضوع الله عزوجل	ہے جو خاص اسی کے لیے ہے اس نام
لا یشارکه فیه احد قال	میں اس کا کوئی شریک نہیں جیسا کہ
الله تعالیٰ ھل تعلم له	اللہ سبحانہٗ نے خود فرمایا ھَلْ تَعْلَمُ
سمیًّا یعنی ان کل	لَهٗ سَمِيًّا (کیا تم جانتے ہو کہ کوئی اللہ کا
اسم الله تعالیٰ مشترک	ہم نام ہے؟) علاوہ اس کے دیگر نام
بینه وبین غیره له علی	صفاتی ہیں اور دوسروں کے لیے بھی مستعمل
الحقیقة ولغیره علی	ہیں مگر اللہ تعالیٰ موصوف حقیقی ہے اور
المجاز الا ھذا الاسم	مجازاً وہ صفت غیر کے واسطے بھی بولی
فانه مختص به لان	جاتی ہے مگر یہ اسم (اللہ) ذاتِ
فیه معنی الربوبیة	خداوندی کے لیے مخصوص ہے۔

والمعاني كلها تحته الا
ترى انك اذا اسقطت
منه الالف بقي لله
واذا اسقطت من الله
اللام الاولى يبقى له
واذا اسقطت من له
اللام بقي هو۔

(اور مخلوق کے لیے بولا نہیں جا سکتا) اس
لیے کہ اس میں معنی خداوندی کے ہیں اور
دیگر سب صفتیں اور معنی اسی کے تحت
ہیں۔ واضح ہو کہ جب اللہ کا الف
حذف کیا جائے تو باقی رہ جاتا ہے
لِلّٰہ اور جب لِلّٰہ سے "ل" کو ساقط
کرے تو باقی رہ جاتا ہے لہ اور جب
دوسرا "لام" بھی حذف کیا جائے تو لفظ
"ہو" (ھ) رہ جائیگا۔

واختلفوا في اشتقاقه
فقال النضر بن شميل
هو من التاله وهو
التنسك والتعبد و
يقال اله الهة اى عبد

اور اس لفظ کے اشتقاق میں بھی
مختلف بیان ہیں۔ نضر بن شمیل نے
کہا کہ یہ اسم "تالہ" سے مشتق ہے اور
مفہوم اس کا بندگی و عبادت کرنا ہے
اور الہ کے معنی ہیں پوجا گیا۔ دوسرا

عبادةً وقال آخرون هو من الأله وهو الاعتماد ويقال ألهت الى فلانٍ الهاً اي فزعت اليه واعتمدت عليه معناه ان الخلق يفزعون ويتضرعون اليه في الحوادث والحوائج فهو يالههم اي يجيرهم فسمى الهاً كما يقال امام للذي يؤتم به فالعباد مولهون اليه اي مضطرون اليه في

نے کہا کہ یہ نام مشتق ہے اَلُہ سے اور اس کے معنی ہیں تکیہ یا بھروسہ کرنا جیسے عربی میں کہا جاتا ہے اَلِھْتُ اِلیٰ فُلَانٍ اَلَہً (میں نے اس کے حضور زاری کی اور اس پر تکیہ کیا) اس لحاظ سے اس کے معنی یہ ہوئے کہ تحقیق مخلوق عاجزی اور زاری سے اللہ کی درگاہ میں اپنی ضرورتوں اور حاجتوں کو عرض کرتی ہے اور وہ انکی حاجات پوری فرماتا ہے اور پناہ دیتا ہے اس سبب سے اس کا نام اِلٰہ ہوا جیسا کہ امام کے پیچھے نماز پڑھنے والے اس کے تابع ہیں اور نفع وضرر ان کا امام کی طرف منسوب ہے پس بندے اپنے

المنافع والمضارّ كالو	نفعوں اور نقصانات میں حیران
اله المضطر المغلوب ۔	و پریشان مغلوب شخص کی مانند اللہ
	کے سامنے عاجز و بے بس ہیں ۔
وقال ابو عمرو بن العلاءؒ	اور ابو عمرو بن علاءؒ نے کہا کہ یہ اسم مشتق
هو من الهت فی الشئ	ہے اَلِهْتُ فِی الشَّیْءِ سے
اذا تحيرت فيه فلو نهند	(تو اس میں حیران ہوا اور نہ راہ پائے) گویا معنی
اليه و معناه ان العقول	اس اسم کے یہ ہوئے کہ انسانوں کی
تتحير في كنه صفته	عقلیں اللہ سبحانہ کی صفات و عظمت و
وعظمته والاحاطة بكيفيته	جاہ و جلال کی کیفیات کو احاطہ کرنے
فهو اله كما يقول	سے قاصر و عاجز ہیں پس اللہ سبحانہ الٰہ
للمكتوب كتابا و	ہے یعنی مخلوق کا حیرت دلانے والا
للمحسوب حسابا ۔	جیسے مکتوب کو کتاب اور محسوب کو
	حساب کہتے ہیں ۔
وقال المبرد هو من	اور مبرد نے بیان کیا کہ یہ اسم لقول عرب

قول العرب الهت الى	مشتق اَلِہْتُ الٰی فلاں سے ہے
فلان اى سكنت اليه	(یعنی میں نے اس کے پاس آرام پایا)
فكان الخلق يسكنون	گویا اللہ کی مخلوق اللہ کے ذکر سے
و يطمئنون بذكره	آرام وسکون پاتی ہے اور اللہ تے
قال الله عز وجل الا بذكر	ارشاد فرمایا اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ
الله تطمئن القلوب -	تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (آگاہ ہو جاؤ کہ
	دل اللہ کے ذکر سے اطمینان پاتے ہیں)
وقيل اصله من الوله	اور کہتے ہیں کہ اصل اس لفظ کی
وهو ذهاب العقل	وَلَہٖ ہے اور اس کے معنی ہیں کسی پیارے
لفقدان من يعز عليه	شخص کے گم ہونے پر کسی کا ازخود رفتہ
فكانه يسمّٰى بذلك	ہوجانا پس اللہ کا یہ نام اس وجہ سے
لان القلوب توله بمحبته	ہے کہ تحقیق عقل اللہ کے جاہ وجلال
وتضطرب و تشتاق	کو اچھی طرح دریافت نہیں کر سکتی
عند ذكره	اور دل اسکی محبت کے دیوانے خوش اور مشتاق ہوتے ہیں

وقيل معناه المحتجب
لان العرب اذا عرفت
شيئا ثم حجب عن
ابصارها سمته لاها يقال
لاهت العروس تلوه
لوها اذا احتجبت فالله
تعالى هو الظاهر بالربوبية
بالدلائل والاعلام والمحتجب
من جهة الكيفية عن
الاوهام

اور بھی کہا گیا ہے کہ معنی اس اسم کے
پوشیدہ ہونے کے ہیں اس لیے کہ عرب
جس چیز کو دیکھتے اور پہچانتے ہیں اور
پھر وہ ان کی نظروں سے پوشیدہ ہو جاتی
ہے تو اسکو لاہ کہتے ہیں جیسا کہ محاورۂ
عرب میں ہے لَاهَتِ الْعُرُوْسِ
تَلُوْهُ لَوْهًا نئی بیاہی ہوئی عورت
پردے میں چلی گئی اور اس نے پردہ کیا
جیسا کہ پردے کا حق تھا) اس طرح
اللہ تعالیٰ اپنی خلاقی اور ربوبیت
دلائل اور نشانیوں سے ظاہر ہے اور کیفیت
جہت کے لحاظ سے اوہام سے
پوشیدہ ہے۔

وقيل معناه المتعالى
يقال لاه اى ارتفع
ومنه قيل للشمس
الهة ـ

وقيل معناه القادر على
الاختراع وقيل معناه السيد

الرحمٰن الرحيم قد قال
قوم هما بمعنى واحد
وهو والرحمة فهما من
صفات الذات وقيل
هما بمعنى ترك عقوبة
من يستحق العقوبة واسداء

اور بھی کہا گیا ہے کہ معنی اس کے
بلند ہونے والے کے ہیں اور کہا جاتا
ہے لَاہُ (بلند ہوا) اور اسی سبب سے
سورج کو اَلَہَۃ کہتے ہیں۔

اور کہا گیا ہے کہ معنی اس کے ہیں
بغیر نمونہ پیدائش پر قدرت رکھنے والا اور
بعضوں نے کہا ہے کہ اس کے معنی سردار
کے ہیں۔

اور رحمٰن و رحیم دونوں کے معنے کچھ لوگوں
نے "صاحبِ رحمت" لیے ہیں
اور یہ دونوں صفات اس ذاتِ پاک
کی ہیں اور کہا گیا ہے کہ ان دونوں اسموں
کے معنی ترکِ عقوبت اور خطا وار کی
خطا معاف کرنے کے ہیں اور اس

الخیر الی من لا یستحقه	شخص کے ساتھ بھلائی کرتے کے ہیں
و هما من صفات الفعل	جو بھلائی کا مستحق نہ ہو۔ اور یہ دونوں اسم
وفرق الاخرون بینهما	صفات فعل کے ہیں اور بعضوں نے
فقالو الرحمٰن للمبالغة	ان دونوں کے معنوں میں فرق نکالا
فمعناه الذی وسعت	ہے اور کہا کہ لفظ رحمٰن مبالغہ کیلیے
رحمتہ کل شیٔ والرحیم	استعمال ہوا ہے کہ اللہ کی رحمت نے
دون ذلک فی الرتبة	ہر عام چیز کو گھیر لیا ہے اور رحیم خاص
و قال بعضهم الرحمٰن الطف	ہے اور بعض کہتے ہیں کہ رحمٰن اللہ کی
علی جمیع خلقه مومنهم	ایسی صفت ہے جس کے معنی یہ ہیں
و کافرهم و برهم و	کہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق پر، جس میں مومن
فاجرهم بان خلقهم	کافر نیکوکار اور بدکار سبھی شامل ہیں،
ورزقهم قال الله ورحمتی	یکساں مہربانی کرنے والا ہے اور اس
وسعت کل شیٔ والرحیم	نے انہیں پیدا کیا اور روزی دی اللہ
	سبحانہ، نے خود فرمایا وَرَحْمَتِی وَسِعَتْ

بالمؤمنين خاصة بالهداية
والتوفيق في الدنيا وبالجنة
والرؤية في الآخرة قال الله
تعالى وكان بالمؤمنين
رحيما فالرحمن خاص اللفظ
عام المعنى والرحيم عام
اللفظ خاص المعنى فالرحمن
خاص من حيث انه لا
يجوز ان يسمى به
احد غير الله عام من
حيث انه يشمل جميع الموجودات
من طريق الخلق والرزق
والنفع والدفع والرحيم

كُلَّ شَيْءٍ (میری رحمت ہر چیز پہ
حاوی ہے) اور لفظ رحیم مومنوں کے لیے
خاص ہے کہ ان کو راہِ راست دکھائی
اور دُنیا میں انہیں اعمالِ نیک کی توفیق
دی اور آخرت میں انہیں جنّت اور
اپنا دیدار عطا فرمائے گا جیسا کہ خود ارشادِ
باری تعالیٰ ہے - وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ
رَحِيمًا (اور اللہ تعالیٰ مومنوں پہ ہمیشہ
مہربان ہے) پس لفظ رحمٰن خاص ہے
اللہ تعالیٰ کے لیے البتہ معنیٰ اس کے عام
ہیں اور لفظ رحیم عام ہے لیکن معنی اس کے
خاص ہیں پس لفظ رحمٰن اللہ تعالیٰ کے
لیے خاص ہے اس لیے اللہ تعالیٰ کے
سوا کسی دوسرے شخص کا یہ نام رکھنا جائز

عام من حيث اشتراك
المخلوقين في المتسمى به
خاص من طريق المعنى
لانه يرجع الى اللطف
والتوفيق ـ

نہیں اور معنی اس کے اس وجہ سے
عام ہیں کہ اس نے تمام موجودات کو
تخلیق کیا اور سب کو روزی دیتا ہے
اور فائدہ پہنچاتا ہے اور ضرر سے بچاتا
ہے اور لفظ رحیم اس وجہ سے عام ہے
کہ یہ اللہ کی مخلوق کے لیے بھی بولا
جاتا ہے (جیسے کہا جاتا ہے فلاں شخص
رحیم ہے) اور معنی اس لفظ کے اس وجہ
سے خاص ہیں کہ وہ اللہ کے مخصوص لطف
(وکرم) و توفیق کی طرف توجہ دلاتا ہے
(یعنی بطورِ خاص مومنین پر اس کے لطف وکرم
کی طرف)۔

وقال ابن عباس
رضي الله عنهما هما

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما
نے فرمایا ان دونوں اسموں کے معنی

اسمان دقیقان احدھما	نہایت باریک ہیں اور ایک دوسرے
ادق من الاخر	سے زیادہ دقیق ہیں
وقال مجاھد الرحمٰن	اور مجاہد رضی اللہ عنہٗ نے کہا ہے کہ
یاھل الدنیا الرحیم باھل	رحمٰن کے معنی ہیں اہلِ دُنیا کے ساتھ
الاخرۃ وفی الدعاء یارحمٰن	مہربانی کرنے والا اور رحیم کے معنی ہیں
الدنیا یا	اہلِ آخرت کے ساتھ مہربانی کرنیوالا
رحیم الاخرۃ	اور دُعا میں آیا ہے۔ یَارَحْمٰنَ الدُّنْیَا
	یا رَحِیْمُ الْاٰخِرَۃِ (اے رحمٰن دنیا کے
	اور رحیم آخرت کے)
وقال الضحاک الرحمٰن	اور ضحاکؒ نے کہا ہے کہ رحمٰن کے
باھل السماء حین	معنٰے ہیں اہلِ آسمان سے
اسکنھم السمٰوٰت	مہربانی کرنے والا اس سبب سے
وطوقھم الطاعات	کہ ان کو آسمان پر جگہ دی طوق عبادت
وجنبھم الافات	کا انکی گردنوں میں پہنایا۔ نہیں آفتوں

وقطع عنهم المطاعم	سے دُور (محفوظ رکھا) اور کھانے پینے
واللذات والرحيم	کی خواہش اور حاجات لذات سے
باهل الارض حين ارسل	انہیں مستغنی کر دیا اور رحیم کے معنی ہیں
اليهم الرسل وانزل	اہلِ دنیا پر مہربانی کرنے والا اس سبب
عليهم	سے کہ ان (کی ہدایت کے لیے ان) کے
الكتب	پاس پیغمبروں کو بھیجا اور انہیں کتابیں
	مرحمت فرمائیں۔
وقال عكرمة الرحمٰن	اور عکرمہ رضی اللہ عنہٗ نے کہا کہ رحمٰن
برحمة واحدة والرحيم	کے معنی ہیں ایک رحمت کے ساتھ
بمائة رحمة	رحم کرنے والا اور رحیم کے معنی سو رحمت
	کرنے والے کے ہیں۔
وروى ابو هريرة عن	اور حضرت ابوہریرہ رضؓ نے روایت کی
النبى صلى الله عليه وسلم	کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے
انه قال ان الله عزوجل	فرمایا: اللہ تعالیٰ کی سو رحمت ہیں ان

مائة رحمة وانه انزل	جن سے ایک رحمت زمین پر نازل
منها رحمة واحدة الى الارض	کی گئی اور اسے تمام مخلوقات میں تقسیم
فقسمها باين خلقه	کیا گیا۔ اسی کا اثر ہے کہ ایک شخص دوسرے
فيها يتعاطفون وبها	کے ساتھ مہربانی نرمی اور شفقت سے
يتراحمون واخرتسعة	پیش آتا ہے اور ننانوے رحمت
وتسعين لنفسه	اللہ نے خاص اپنے لیے محفوظ رکھیں
يرحم بها عباده يوم	قیامت کے دن وہ ننانوے رحمت
القيمة۔	اپنے بندوں پر نازل فرمائے گا۔
وفي لفظ اخر ان الله	اور دوسری روایت میں ہے کہ یہ
ضام هذه الى تلك فيكملها	ایک رحمت جو دنیا میں اتاری گئی ہے
مائة ويرحم بها عباده	اللہ سبحانہ، قیامت کے دن اسمیں ننانوے
يوم القيمة الرحمن الذى	رحمتوں ملاکر پوری سو رحمتوں سے
اذا سئل اعطى والرحيم	اپنے بندوں پر مہربانی فرمائے گا۔ رحمٰن
الذى اذا لم يسئل غضب ۔	وہ ذات ہے کہ جس سے سوال کیا جائے

تو عطا فرمائے اور رحیم وہ ہے کہ جس سے
اگر سوال نہ کیا جائے تو وہ ناراض ہو۔

وقال النبی صلی اللہ علیہ
وسلم فی حدیث ابی
ھریرۃ من لا یسئل اللہ
یغضب علیہ

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ
کی روایت میں ہے کہ حضور اقدس
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص
اللہ سے سوال نہیں کرتا اللہ تعالیٰ
اس پر غصّے ہوتا ہے۔

وقال الشاعر اللہ یغضب
ان ترکت سوالہ و بنو آدم
حین یسئل یغضب الرحمٰن
بالنعماء وھی ما اعطی
وحبا الرحیم بالآلاء وھی
ماصرف و زوی الرحمٰن

اور ایک شاعر نے کہا ہے کہ اللہ
سے ترکِ سوال کر دیا جائے تو وہ غصّے
ہوتا ہے لیکن انسان غصّے ہوتے ہیں
اگر ان سے سوال کیا جائے۔ رحمٰن کے
معنیٰ ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر حال میں
مہربان ہے اور نعمت عطا کرنے والا ہے
اور عطائے نعمت یہ ہے کہ اس نے سب

بالانقاد من النیران
کما قال جل من قائل
وکنتم علی شفا حفرۃ
من النار فانقذکم
والرحیم بادخال الجنان
کما قال ادخلوھا بسلام
امنین الرحمٰن برحمۃ
النفوس والرحیم
برحمۃ القلوب الرحمٰن
بکشف الکروب
والرحیم بغفران الذنوب
الرحمٰن بتبیین الطریق
والرحیم بالعصمۃ والتوفیق
الرحمٰن بغفران السیئات

طرح کے آرام و آسائش کے
سامان مہیا کر دیے) اور رحیم کے معنی
ہیں کہ اس نے بلاؤں سے محفوظ
رکھا اور رحمٰن کے (ایک) معنی یہ
ہیں کہ دوزخ کی آگ سے نجات
عطا فرمائی جیسا کہ اللہ سبحانہٗ نے
جو تمام کہنے والوں سے بزرگ ہے
اپنے کلام (قرآن کریم) میں ارشاد
فرمایا: "اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے
پر تھے سو اللہ نے تمہیں آگ سے بچا لیا"
اور رحیم کے معنی یہ ہیں کہ اپنی رحمت
سے بہشت میں داخل کیا جیسا کہ ارشادِ
باری تعالیٰ ہے "تم بہشت میں امن و سلامتی
کے ساتھ داخل ہو جاؤ"، اللہ تعالےٰ

وان کن عظیمات والرحیم
بقبول الطاعات وان کن
غیر صافیات الرحمٰن
بمصالح معاشهم الرحیم
بمصالح معادهم الرحمٰن
الذی یرحم و یقدر علی
کشف الضر و دفع الشر الرحیم
یرزق
و یطعم
و لا یطعم
ان اللہ هو الرزاق
ذوالقوة المتین
الرحمٰن بمن حجده
والرحیم

آدمیوں کی جانوں پر رحم کرنے میں رحمٰن
ہے اور گناہ بخشنے میں رحیم، راہِ راست
دکھلانے میں رحمٰن ہے اور گناہوں سے
بچانے اور عبادت کی توفیق عطا کرنے
میں رحیم۔ گناہوں کے بخشنے میں اگرچہ
وہ بہت ہوں اور کبیرہ ہوں، اللہ تعالیٰ
رحمٰن ہے اور عبادت قبول کرنے میں
رحیم ہے خواہ وہ عبادت لوث و
عیب سے خالی نہ بھی ہو۔ لوگوں
کو معاش (دنیاوی زندگی) کی بھلائیوں
کے عطا کرنے میں رحمٰن ہے اور آخرت
کی بھلائیاں عطا کرنے میں رحیم۔
رحمٰن وہ ہے جو رحم کرے اور ضرر
دور کرنے اور نقصان روکنے پر قدرت رکھے

بمن وحدہ الرحمٰن بمن	رحیم وہ ہے جو روزی دیتا ہے
کفرہ والرحیم بمن	اور کھلاتا ہے مگر اسے کھلایا نہیں
شکرہ الرحمٰن بمن	جاتا (خود نہیں کھاتا) اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ
قالــــلہ نداوالرحیم بمن	الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ
قالـــــــ	(اللّٰہ وہ ہے جو روزی دینے والا صاحب
فرد ا	قوت وقدرت ہے) رحمٰن بمعنی رحم
	کرنے والا اس شخص پر بھی جو اس کا
	انکار کرے اور رحیم، رحم کرنے والا ہے
	اس پر جو اُسے جانے اور مانے۔ انکار
	کرنے اور کفرانِ نعمت کرنے والے

کے حق میں رحمٰن ہے اور شکر کرنے والوں پر رحیم ہے۔ اللّٰہ سبحانہٗ رحمٰن ہے اس کے حق میں جو کسی کو اس کا ہمسر جانے (شرک کرے) اور رحیم ہے اس کے حق میں جو اس کے یکتا ہونے کا قائل ہو (مومن موحّد ہو)۔

قل بسم الله تجد عفو الله	بسم اللہ کہہ تاکہ اللہ تعالیٰ تجھے معاف
هذا سماعك عن القاری	کرے اور بسم اللہ کا سننا زبانِ خلق سے
فكيف سماعك من	ہے پس خالق سے سننا کیسا ہوگا!
الباری فهذا سماعك	یہ سننا اس وقت ہے کہ غمِ دنیا باقی ہے
والغم باق فكيف سماعك	اس وقت سننا کیسا ہوگا جب کہ اللہ
والرب ساق فهذا سماعك	ساقی ہوگا۔ یہ سننا تیرا بواسطہ غیر ہے
بواسطة فكيف سماعك	پس بے واسطہ اس کا سننا کیا لطف
بلا واسطة فهذا سماعك	دے گا۔ یہ سننا تیرا سرائے شیطان
فی دار الغرور فكيف	میں ہے ہمسائیگیٔ رحمٰن میں اس کا سننا
سماعك فی دار السرور	کیسا پُر لطف ہوگا! یہ سننا تیرا ذلیل
فهذا سماعك فی دار الشيطان	(بے حیثیت) بندوں کی زبان سے ہے
فكيف سماعك فی دار الرحمٰن	پس بادشاہِ عالی شان سے اس کا سننا
فهذا سماعك من عبد ذليل	کیسا حلاوت بخش ہوگا! یہ لذت خبر
فكيف سماعك من الملك	ہے پس کیا کیفیت ہوگی لذت نظر کی

الجليل هذه لذة الخبر	یہ لذتِ مجاہدہ ہے تو خیال کرنا چاہیئے
فكيف لذة النظر هذه لذة	کہ لذتِ مشاہدہ کیسی ہوگی! یہ لذتِ
المجاهدة فكيف لذة	بیان ہے تو کیا کیف ہوگا جب
المشاهدة هذه لذة	لذّتِ دیدار میسر ہوگی! ابھی تو فقط
البيان فكيف لذة	لذتِ غائبانہ ہے ذرا اس لذت
العيان هذه اللذة	کو تصور میں لاؤ جب حضوری نصیب
المغايبة فكيف لذة	ہوگی!!
المعاينة -	
قل بسم الله الذى	کہہ اُس اللہ کے نام کے ساتھ جس
تعالٰى عن الاضداد بسم الله	کی ذات اضداد سے بالاتر ہے۔ اس
الذى تنزه عن الانداد	اللہ کے نام کے ساتھ جو شرکت سے پاک ہے۔ اس اللہ کے
بسم الله الذى تقدس	نام کیساتھ جو اولاد سے پاک ہے اس اللہ کے
عن اتخاد الاولاد بسم الله	نام سے جس نے اپنے نور سے عالم
	کو منوّر فرمایا۔ اس اللہ کے نام سے

الذی نور الانوار بسم اللہ
الذی اکرم الابرار
بسم اللہ الذی قدر
الاقدار نورالقلب
والابصار بسم الذی
تجلی لقلوب الابرار فی
اوقات الاسحار بسم اللہ
الذی علم الاحباب الاسرار
فغمرها بالانوار واستودعها
الاسرار وازاح عنها الاخطار
وحفظها من رق الاغیار
وحط عنها الاثقال والاغلال
والاصار والاوزار اذا کان

جس نے نیکوں کو بزرگی عطا فرمائی
اس اللہ کے نام سے جس نے سب
چیزوں کو اپنی قدرت سے پیدا فرمایا
اور دلوں اور آنکھوں کو روشنی عطا فرمائی
اس اللہ کے نام کے ساتھ جس نے
نیک لوگوں کے دلوں کو ساعت بہ
ساعت منوّر فرمایا، اس اللہ کے
نام سے جس نے اپنے دوستوں کو
اپنے راز سے مطلع فرمایا اور ان کے
دلوں کو انوارِ رحمت سے ڈھانپا اور
ان کے دلوں کو اپنے اسرار کا گنجینۂ
امانت بنایا اور ان کے دلوں کو
خوف و ہراس سے فارغ البالی عطا
فرمائی اور انہیں غیر کی بندگی و اطاعت

موصوفا في الاوّل بالاحسان
والافضال وغفران
الذنوب لاهل الاستغفار

سے بچائے رکھا اور ان سے
(گناہوں کے) بھاری بوجھ اور زنجیریں
دُور کر دیں اس واسطے کہ اللہ سبحٰنہٗ
کی ذاتِ والا صفات ازل سے
ہی احسان و فضل اور استغفار کرنے
والوں کے گناہوں کی مغفرت کی
صفت کے ساتھ موصُوف ہے۔

قل بسم الله اسم الذى
اجرى الانهار وانبت الاشجار
اسم من عمر البلاد باهل
الطاعة من العباد فجعلهم
لها اوتادا كالجبال
فصارت الارض بهو

کہہ بسم اللہ نام ہے اس کا جس نے
دریاؤں کو رواں کیا، درختوں کو نشوونما
دی، جس نے بستیوں اور شہروں
کو اپنے اطاعت گزار بندوں سے آباد
و معمور کیا اور انہیں ان شہروں کے لیے
میخیں بنایا جیسے پہاڑ میخیں ہیں زمین
کی پس وہ زمین انکے لیے گہوارے

لمن عليها كالمهاد | کے مانند بن گئی اور وہ چالیس شخص اللہ کی
فهم الاربعون | بارگاہ کے برگزیدہ ہیں جنہیں ابدال
الاخیار من الابدال | کہتے ہیں وہ پاکی کے ساتھ حق تعالےٰ
المتنزهون الرب | کی یاد کرتے ہیں اور کسی کو اس کا شریک و
عن الشركاء ولا اندادوملوك | ہمسر نہیں بناتے۔ یہ لوگ دنیا کے حاکم
في الدنيا وشفعاء الانام يوم | ہیں اور قیامت کے دن لوگوں کی شفاعت
التناد اذخلقهم ربي | کریں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں
مصلحة للعالم | دنیا کی بھلائی اور رحمتِ بندگان
کے واسطے پیدا کیا ہے۔

بسم الله للذاكرين | بسم اللہ ذکر کرنے والوں کے لیے
ذخر وللاقوياء عز وللضعفاء | ذخیرہ ہے، صاحبِ قوت کی
حرز وللمحبين نور و | عزت ہے، عاجزوں کی پشت پناہ
للمشتاقين سرور | ہے، اللہ کے محبوں کے لیے نور
بسم الله راحة الارواح | ہے، مشتاقوں کے لیے باعثِ سرور ہے

بسم اللہ نجاۃ الاشباح
بسم اللہ نور الصدور
بسم اللہ نظام الامور
بسم اللہ تاج الواثقین
بسم اللہ سراج الواصلین
بسم اللہ معنی العاشقین
بسم اللہ اسم من اعز
عبادًا واذلّ عبادا بسم اللہ
اسم من جعل النار
لاعدائه مرصادا وجعل
الرویة لاحبائه میعادا
بسم اللہ اسم الواحد
بلا عدد بسم اللہ اسم
الباقی بلا امد بسم اللہ اسم

بسم اللہ روحوں کی راحت ہے، بسم اللہ
جسموں کے لیے باعثِ نجات ہے
بسم اللہ سینوں کا نور ہے بسم اللہ
سب کاموں کا سرانجام ہے بسم اللہ
عارفوں کا تاج ہے، بسم اللہ واصلان
حق کا چراغ ہے، بسم اللہ عاشقان
الٰہی کو غیر سے بے پروا کرتی ہے بسم اللہ
اس ذات کا نام ہے جس نے بعض
بندوں کو عزت دی اور بعض کو ذلیل و
خوار کیا، بسم اللہ نام اس ہستی کا ہے جس نے
(دوزخ کی) آگ کو اپنے دشمنوں کے
لیے گھات (منتظر) بنایا اور اپنے
دوستوں کے لیے (جنت کو گلزار اور
اپنے) دیدار کا وعدہ بنایا۔ بسم اللہ نام

القائم بلا عمد بسم الله	اس وحدہٗ لاشریک کا ہے جس کے
افتتاح كل سورة اسم	نام میں شمار کو دخل نہیں (وہ بے عدد و
من طابت به الخلوات	حساب ناموں کا مالک ہے) بسم اللہ نام
اسم من به تمت الصلوة	اس کا ہے جو بے انتہا مدّت تک (ہمیشہ ہمیشہ)
اسم من به حسنت	باقی رہنے والا ہے بسم اللہ اس کا نام
الظنون اسم من سهرت	ہے جو بغیر کسی سہارے کے قائم بالذات
له العيون اسم من قال	ہے، بسم اللہ ہر سورت کا آغاز ہے
للشئ كن فيكون اسم	بسم اللہ اس کا نام ہے جس کی یاد سے
من تنزه عن المساس اسم من	خلوت خانے آباد و خوش ہیں اور نام
استغنى عن الاناس اسم	اس کا ہے جس کے نام سے نماز ادا ہوتی ہے
من جل عن القياس	اور نام اس کا ہے کہ جس کی طرف
قل بسم الله حرفا حرفا	سب کے گمان نیک ہیں اور نام اس کا
تاخذ الاجر الفا الفا و	ہے جس نے آنکھوں کو بیداری بخشی
تحط عنك الاوزار جرفا	اور نام اس کا ہے جس نے چیزوں کو

من قالها بلسانه شهد الدنيا
ومن قالها بقلبه شهد
العقبی ومن قالها بسره
شهد المولی بسم الله
کلمة طاب بها الفم
بسم الله کلمة لا يبقی
معها الغم کلمة تمت
بها النعمة کلمة کشفت
بها النقمة کلمة خصت
بها هذه الامة کلمة جمعت
بين جلال وجمال فقوله
بسم الله جلال فی جلال
وقوله الرحمن الرحيم جمال
فی جمال فمن شهد جلاله

حکم دیا: کُن یعنی ہو جاؤ تو وہ اسی طرح
ہو گئیں، اور نام اس کا ہے جو (مخلوق
کے) محسوسات سے بالاتر ہے
(اور دوسرے نام کی مشابہت سے پاک ہے)
اور نام اس کا ہے جو لوگوں سے بے نیاز
ہے، اور نام اس کا ہے جو انسانوں کے
اندازے سے بزرگ تر ہے تو بسم اللہ کہہ
ایک ایک حرف کر کے تاکہ اس کا اجر
تجھے ہزار در ہزار حاصل ہو اور تیرے
بے حساب گناہ معاف کیے جائیں
جو شخص زبان سے کہے، دنیا اس کی گواہ
ہو جاتی ہے اور جو دل سے کہے آخرت
اس کی گواہ ہے اور جو کوئی پوشیدہ کہے
اللہ اس کا گواہ ہے۔ بسم اللہ ایسا کلمہ ہے

طاش ومن شهد جماله
عاش كلمة جمعت بين
قدرة ورحمة
فالقدرة جمعت طاعة
المتبعين والرحمة
محقت
ذنوب المذنبين

کہ اس کے کہنے سے مُنہ میں حلاوتِ
شیرینی پیدا ہوتی ہے بسم اللہ ایسا کلمہ
ہے کہ اس کے کہنے سے کوئی غم باقی
نہیں رہتا اور ایسا کلمہ ہے کہ اس پہ
سب نعمتیں تمام ہوئیں۔ وہ ایسا کلمہ
ہے کہ اس کے کہنے سے عذاب دُور
ہوتا ہے اور ایسا کلمہ ہے کہ جو خاص
اس امت کے واسطے مخصوص کیا گیا ہے
وہ ایسا کلمہ ہے کہ جلال و جمال دونوں
کو جمع کرتا ہے۔ حصہ "بسم اللہ" جلال در
جلال ہے اور قول "الرحمٰن الرحیم" جمال
در جمال ہے پس جس نے جلال کا مشاہدہ کیا وہ ہلاک ہوا اور جس نے
جمال کا مشاہدہ کیا اس نے تازہ زندگی پائی۔ وہ ایسا کلمہ ہے جو قدرت اور
رحمت کا جامع ہے قدرت نے فرمانبرداروں طاعت گزاروں کو جمع کیا اور رحمت نے
گناہگاروں کے گناہ مٹا دیے۔

قل بسم الله فكانه يقول
بي وصل من وصل الى
الطاعات ثم بنور الطاعات
وصل الى العيان ثم
استغنى بالعيان عن البيان
فصار قلبه وعاء للاسرار
وعلوم الاديان ومن
وصل الى الحبيب
نجا من النحيب ومن
وصل الى النظر استغنى
عن الخبر ومن وصل
الى الصمد نجا من الكمد
ومن وصل الى الرفاق

تو بسم اللہ کہہ گویا اللہ سبحانہٗ فرماتا
ہے جس نے طاعت کی وہ میری
حضوری میں باریاب ہوا اور بسبب
نورِ طاعت اُسے معائنہ و مشاہدہ
نصیب ہوا اور جس شخص نے آنکھوں
سے دیکھ لیا وہ بیان کا محتاج نہ رہا۔
پس اس کا دل اسرارِ الٰہی اور علوم دینیہ
کا مسکن بن گیا اور جو شخص اپنے محبوب
مطلوب کے وصال سے بہرہ مند ہوا اس
نے اشکباری و اضطراب سے فرصت
پائی اور جس نے اپنی نظر سے اجمالِ
محبوب کا مشاہدہ کیا اسے خبر (کسی
دوسرے کے بیان) کی احتیاج نہ رہی۔
جو اللہ بے نیاز کی بارگاہ میں پہنچا

نجا من الفراق ومن	اس نے غم واندوہ سے نجات پائی
وصل الی ذی المجد	اور جو اپنے حبیب کی رفاقت
سلم من الوجد	سے سرفراز ہوا، اس نے دردِ فراق
ومن وصل الی اللقاء	سے خلاصی پائی اور جو اللہ عزوجل
امن من الشقاء	کی بارگاہ میں باریاب ہُوا وہ آفتِ
	ہجر اور صدمہ فراق سے محفوظ ہوا اور
	جس نے دولتِ دیدار پائی اس کے
	بختِ خفتہ بیدار ہوئے اور وہ بدبختی
	سے محفوظ ہو گیا۔
قل بسم اللہ فالباء	تو بسم اللہ کہہ پس حرف "با"
بارئ البرایا والسین	اشارہ ہے مخلوقات پیدا کرنے والے
ستار الخطایا والمیم	کی طرف اور "سین" اشارہ ہے
المنان بالعطایا وقیل	خطاؤں کی پردہ پوشی کی طرف اور
	"میم" اشارہ ہے عطیۂ عظمیٰ کے

ان الباء برى من الاولاد
والسين سميع الاصوات
والميم مجيب
الدعوات وقيل اطعموا
فاني مطعمكم واسقوا
فاني ساقيكم وانظروا
لي فاني باقيكم وقيل
الباء بكاء التائبين
والسين سجود العابدين
والميم معذرة المذنبين
وقيل الله كاشف البلايا
الرحمن معطى العطايا الرحيم
غافر الخطايا بالله للعارفين

ساتھ احسان کرنے والے کیطرف
اور کہا گیا ہے کہ تحقیق حرف "با"
سے مراد یہ ہے کہ اللہ اولاد کی علت
سے پاک ہے اور "سین" سے مراد
آوازوں کا سننے والا ہے اور "میم"
کے معنی ہیں دعاؤں کا قبول کرنیوالا
اور کہا گیا ہے کہ "میم"، کے معنی ہیں
کھلا دیں ہیں تمہیں کھلانے والا
ہوں اور "سین" کے معنی ہیں پلاؤ تحقیق
میں تمہیں پلانے والا ہوں اور "یا"
کے معنی ہیں کہ میری طرف دیکھو کہ میں
تم سے باقی رہنے والا ہوں اور کہا گیا ہے
کہ "یا" اشارہ ہے توبہ کرنے والوں کی آہ و
زاری کا "سین"، اشارہ ہے عبادت گزاروں

الرحمن للعابدين الرحيم
للمذنبين الله الذي
خلقكم و هو احسن
الخالقين الرحمن الذي
رزقكم و هو خير
الرازقين الرحيم الذي
يغفر لكم و هو خير
الغافرين و قيل الله
باسباغ النعم الرحمن
الرحيم بالجود والكرم
الله باخراجنا من البطون
الرحمن باخراجنا من
القبور الرحيم باخراجنا

کے سجدوں کی طرف اور "میم" اشارہ
ہے گناہ گاروں کی عُذر خواہی اور
معذرت کا اور کہا گیا ہے کہ "اللہ"
کے معنی ہیں بلاؤں کا دُور کرنیوالا
"رحمٰن" کے معنی ہیں نعمتوں کا عطا کرنیوالا
اور "الرحیم" کے معنی ہیں خطاؤں کا
بخشنے والا اللہ آئینہ ہے عارفوں
کا، رحمٰن عابدوں کا اور رحیم ہے
گناہ گاروں کے لیے۔ اللہ وہ ہے جس
نے تم سب کو پیدا کیا اور وہ
احسن الخالقین (سب سے اچھا پیدا
کرنیوالا) ہے رحمٰن اس کی صفت
ہے جس نے تم سب کو روزی عطا
فرمائی اور وہ خیر الرازقین (سب سے بہتر

من الظلمت الی

النور۔

غنیۃ الطالبین

مطبع صدیقی

مطبوعہ لاہور

(پاکستان)

صفحہ ۱۹۲ تا ۲۰۳

روزی دینے والا) ہے اور رحیم وہ ہے

جو تمہیں بخش دیتا ہے اور وہ

خیرا لغافرین (سب سے بہتر بخشنے والا) ہے

اور کہا گیا ہے کہ اللہ نام ذاتِ باری تعالےٰ

کا اس لیے کہ اس نے اپنے بندوں پر

نعمتیں تمام کیں اور رحمٰن و رحیم اس کا

نام جود و کرم کی وجہ سے ہے۔ وہ مخلوق

کو ماں کے بطن سے پیدا کرنے پر

"اللہ" ہے، قبروں سے اٹھانے پر

"رحمٰن" ہے اور "رحیم" ہے کہ وہ ہمیں

(کفر کی) ظلمت سے نکال کر (اسلام کے)

نور کی طرف لایا۔

عن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ

قال النبی اللہ تعالیٰ دارا فی الجنۃ یقال لہا دار النور کل شئ خلقہ اللہ فیہا من نورہ ھی فی الہواء لیس لہا طریق قیل یا رسول اللہ کیف یصعدون الیہا قال یقال لھم قولوا بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم فیطیرون الیہا۔

نزھۃ المجالس و منتخب النفائس

الجزء الاوّل صفحہ ۲۱ -

نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جنت میں ایک عالی شان اور خوبصورت محل بنایا ہوا ہے جسے دار النور کہا جاتا ہے اسکی ہر چیز نور ہی کی ہے اور وہ محل اُدھر ہوا میں لٹکا ہوا ہے اس میں آمد و رفت کرنے کا کوئی راستہ نہیں رکھا گیا ہے۔ حاضرین میں سے کسی نے عرض کیا یارسول اللہ ؐ لوگ اس پر کیوں کر چڑھیں گے؟ فرمایا ان سے کہا جائیگا کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھو جونہی ان کے مُنہ سے یہ پاک کلمے نکلیں گے یہ لوگ اڑ کر ہوا میں پہنچ جائیں گے۔

عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے

عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم	ہیں کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
من قرأ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	نے فرمایا جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
کتب اللہ لہ بکل حرف	پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر ہر حرف
اربعۃ آلاف حسنۃ و	کے بدلے چار چار ہزار نیکیوں کا ثواب
محا عنہ اربعۃ آلاف سیئۃ	لکھے گا اور چار ہزار خطاؤں کو معاف
ورفع اربعۃ آلاف درجۃ	کر دے گا اور چار ہزار درجے بلند فرمائے گا

نزھۃ المجالس و منتخب النفائس الجز الاول صفہ ۲۱

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اٰمِيْن

امروز سعید و مسعود و مبارک چہار شنبہ ۱۱ شعبان المعظم ۱۴۰۸ھ

ابوانیس **محمد برکت علی** لودھیانوی عفی عنہ
المہاجر الی اللہ والمتوکل علے اللہ العظیم

المستفیض **دارالاحسان** چک ۲۴۲ ر ب (دسوھہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پاکستان . فون نمبر: ۳۶۶۰۰

فیصل آباد
(پاکستان)

نشار آرٹ پریس لمیٹڈ لاہور